## سوال

(826) بغیر عذر کے لیٹ کریا تکیہ لگا کرہاتھ میں قرآن کھول کر لئ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بغیر عذر کے لیٹ کریا تکیہ لگا کرہاتھ میں قرآن کھول کر کسی سے سنا یا پڑھنا قرآن کے ادب کے خلاف ہے یا نہیں زمین پر پاؤں کے سامنے قرآن یا حدیث کی کوئی کتاب رکھ کر پڑھنا ادب کے خلاف ہے یا نہیں ؟

ملک محمد یعقوب ہری پور

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قرآن مجید اور کتب حدیث ان اشیاء میں شامل ہیں جن کا احترام ضروری ہے اس لیے ان کو پڑھتے اور سنتے وقت بھی کوئی ایسی حالت وکیفیت اختیار نہ کی جائے جس سے ان کی بے ادبی وبے حرمتی والا کوئی پہلو بھی نکلتا ہو۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

**جلد01ص554**

محدث فتویٰ